ڈاکٹر جوزف شاخت

یادگار ملاقاتیں

ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم سے میں صرف ایک ہی مرتبہ ملا - اور یہ موقع بین الاسلامی مجلس مذاکرہ کا تھا جو دسمبر ۱۹۵۹ء - جنوری ۱۹۶۰ء میں لاہور میں منعقد ہوئی تھی - کاش مجھے ان سے پھر ملنے کے مواقع ملتے - میرے دل میں ان کی یاد اور قدر و منزلت ہمیشہ باقی رہے گی اور میں اس یادگار استقبالیہ کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا جو انھوں نے ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ میں ترتیب دیا تھا -

---

ڈاکٹر برنارڈ لیوس

لاہور میں منعقد شدہ بین الاقوامی مجلس مذاکرہ میں شرکت کے لیے جب میں لاہور گیا تو وہاں مجھے ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم سے ملنے کا موقع ملا - اگرچہ ہمارا ساتھ صرف چند روز رہا - لیکن اس مختصر عرصہ میں بھی میں ڈاکٹر حکیم کے علم و فضل سے بہت متاثر ہوا اور ان کے خلوص کا دل سے قائل ہو گیا -